12اپریل2016ء

مالی سال16ء کے پہلے نو مہینوں میں کارکنوں کی ترسیلات زر4 فیصد نمو کے ساتھ14.2ارب ڈالر ہوگئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال16ء کے ابتدائی نومہینوں (جولائی تا مارچ) کے دوران14157.65 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س15ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 13594.95 ملین ڈالر کے مقابلے میں4.14 فیصد کی نمو ظاہر ہوتی ہے۔

مارچ 2016ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1468.76 ملین ڈالر تھی جو فروری 2016ء کے مقابلے میں منفی 3.14 فیصد، اور مارچ2015ء کے مقابلے میں منفی 8.69 فیصد ہے۔ بلحاظ ملک مارچ2016ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 506.05 ملین ڈالر ، 320.3 ملین ڈالر، 183.92 ملین ڈالر، 157.28 ملین ڈالر، 153.75 ملین ڈالر، اور 26.54 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ مارچ 2015ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 489.7 ملین ڈالر، 414.97 ملین ڈالر، 211.6 ملین ڈالر، 176.13 ملین ڈالر، 198.46 ملین ڈالر اور 26.14 ملین ڈالر تھیں۔ مارچ2016ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 120.92 ملین ڈالر رہیں جبکہ مارچ2015ء میں ان ملکوں سے 91.51 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆